جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب و روز

دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز :

۷ جنوری ۲۰۰۱ء کو دارالعلوم کے داخلے شروع ہوئے اور ۷ا جنوری بروز بدھ مدرسہ میں تعلیمی سال کی افتتاحی تقریب ایوان شریعت ہال میں منعقد ہوئی۔ اور درس ترمذی سے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے باقاعدہ تعلیمی سال کا آغاز کیا۔ اور اس موقع پر آپ نے جامعہ کے طلباء سے ایک موثر خطاب بھی فرمایا اور انہیں علم کی فضیلت 'وقت کی اہمیت' موجودہ زمانے میں علمأ کے کردار' عالمی صوت حال اور بین الاقوامی حالات کے پس منظر میں اپنے آپ کو تیار کرنے کے متعلق نصیحتیں فرمائیں۔ تقریب کے آغاز سے قبل بطور تبرک ہزاروں طلبأ نے قرآن خوانی کی۔ بعد میں حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے اختتامی دعا کی اس موقع پر دارالعلوم کے تمام شیوخ اور اساتذہ کرام بھی موجود تھے۔

مختلف بین الاقوامی صحافیوں کی دارالعلوم آمد :

دارالعلوم میں حسب سابق غیر ملکی نشریاتی اداروں سے وابستہ افراد اور صحافی حضرات کی آمد کا سلسہ جوں کا توں ہے اس دوران بھی متعدد یورپی ٹیمیں دارالعلوم حضرت مولانا مدظلہ سے انٹرویوز ریکارڈ کرنے آتی رہیں۔ ان میں سر فہرست نیوز ایجنسی "رائٹر" بی بی سی' جرمن ٹیلیوژن اور مشہور زمانہ اخبار نیوز ویک کے نمائندے کئی دفعہ دارالعلوم آئے اور انہوں نے حضرت مولانا مدظلہ سے عالمی صورتحال اور خصوصاً افغانستان پر پابندیوں کے نفاذ کے بارے میں مولانا کا موقف معلوم کیا اس سے قبل 10 جنوری کو متحدہ شریعت کانفرنس کے موقع پر درجنوں غیر ملکی صحافتی ٹیموں نے کانفرنس کی ریکارڈنگ اور رپورٹیں بین الاقوامی میڈیا میں پیش کیں اور خصوصاً عالم عرب کے سب سے مشہور نیوز چینل "الجزیرہ" نے تفصیلی رپورٹنگ پیش کی۔

افغانستان پر پابندیوں کے خلاف دارالعلوم کے طلبأ کا احتجاجی مظاہرہ :

26 جنوری بروز جمعہ کو ملک بھر میں افغانستان پر پابندیوں کے خلاف دفاع افغانستان کونسل دینی مذہبی جماعتوں کی مشترکہ تنظیم کے احتجاجی مظاہروں کی کال پر دارالعلوم حقانیہ میں بھی ایک زبردست احتجاجی جلسہ منعقد ہوا۔ اور اس میں علاقے بھر کے ہزاروں افراد نے بھی بڑے جوش و جذبہ کے ساتھ شرکت کی۔ احتجاجی جلسے سے حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب مدظلہ حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور مظاہرہ کے